علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ اردو)

وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1. اگر آپ اپنی امتحانی مشق یں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سر ٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔
2. کسی دوسرے سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: اردو نظم: فکری و فنی مطالعہ (9018) سمسٹر: بہار 2026

سطح: بی ایس اُردو

(ہدایت نامہ برائے طلبہ)

براہ مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں، البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (PDF یا Word فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

5۔ مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی، جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہو گا۔

6۔ آپ کے تجزیاتی اور تنقیدی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7۔ غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ: 1تا5)

کل نمبر: 100 **کامیابی کے نمبر: 50**

سوال نمبر 1۔ اردو نظم کی ترویج و ترقی میں دکنی شعراء کے کردار کی وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر 2۔ نظیر اکبر آبادی کو اردو کا پہلا عوامی شاعر کہا جاتا ہے۔ یہ لقب ان کے کس حد تک مناسب ہے؟ بحث کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 3۔ محمد حسین آزاد کے لیکچر اور انجمن پنجاب کے مشاعروں نے جدید اردو نظم کے فروغ میں اہم کردار ادا کیا۔ بحث کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 4۔ نظم "روپے کی فلاسفی" کا فکری و فنی جائزہ لیجیے۔ (20)

سوال نمبر 5۔ مسلم نشاۃ الثانیہ کے حوالے سے حالی کی نظم نگاری کا جائزہ لیجیے۔ (20)

امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ: 6تا9)

کل نمبر: 100 **کامیابی کے نمبر: 50**

سوال نمبر 1۔ راشد کی نظموں میں کردار نگاری کے رجحان نے ان کی نظم نگاری کو کس حد تک متاثر کیا ہے؟ بحث کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 2۔ فیض کی شاعری نظریاتی ہوتے ہوئے بھی اپنے جوہر کے اعتبار سے رومانوی ہے؟ تائید یا تردید کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 3۔ موضوعاتی اور ہیئتی تنوع نے مجید امجد کی نظم کو ایک ارفع مقام عطا کیا ہے۔ آپ کی کیا رائے ہے؟ (20)

سوال نمبر 4۔ منیر نیازی کی نظم کے استعاراتی و علامتی نظام کا جائزہ لیجیے۔ (20)

سوال نمبر 5۔ مبارک احمد کی نظم میں لسانی تشکیلات کے رجحان کے اثرات کا جائزہ لیں۔ (20)